سب سے بڑی خوشی کی بات ہے کہ مروجہ نعت نہ پڑھنے پر شکوہ کرنے والے صاحب نے اپنی غلطی تسلیم کی اور شاہ صاحب کے خطاب سے بہت متاثر ہوئے۔ یہ سب اللہ کے کرم اور اس کی توفیق کی بدولت ہے۔

فیصل ٹاؤن (محلّہ معصوم شاہ) میں مسجد اہل حدیث کی تعمیر کا آغاز

گزشتہ دنوں عارف کریم چوہدری ایڈووکیٹ کے والد محترم عبدالکریم اور ان کے چچا محمد شفیع نے فیصل ٹاؤن (محلّہ معصوم شاہ) میں مسجد اہلحدیث کی تعمیر کیلئے 9 مرلے قطعۂ اراضی جامعہ کے نام وقف کر دی۔ اس زمین میں ان کے بھائی مرحوم محمد شریف کا بھی حصہ ہے۔ جہاں پر جامعہ کی طرف سے مسجد کی تعمیر کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ مسجد کیلئے اراضی وقف کرنے والوں کو دنیا و آخرت میں بہترین اجر سے نوازے۔

بلال ٹاؤن میں ایک اور مسجد کیلئے قطعۂ اراضی

موضع متیال (جہلم) سے تعلق رکھنے والے چوہدری نصیر احمد صاحب نے اپنی والدہ مرحومہ کے ایصال ثواب کیلئے بلال ٹاؤن جہلم میں برائے تعمیر جامع مسجد اہل حدیث قطعۂ اراضی جامعہ علوم اثریہ کے نام وقف کر دی ہے۔ جزاہ اللہ خیراً۔

بلال ٹاؤن میں یہ تیسری مسجد ہوگی۔ عنقریب اس مسجد کی تعمیر کا آغاز کر دیا جائے گا۔ ان شاء اللہ

پرائم کمپیوٹر کالج 10 سول لائن جہلم میں تقریب

مورخہ 14 اگست 5 بجے سہ پہر پرائم کمپیوٹر کالج میں ایک تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ جس میں ''آزادی کا حقیقی تصور اور نئے دور کے تقاضے'' کے عنوان پر مدیر الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے خطاب کیا۔ ڈائریکٹر کمپیوٹر کالج عثمان رشید کیانی اور ان کے والد محترم جناب عبدالرشید کیانی صاحب کے علاوہ تقریب میں دیگر معززین نے بھی تقاریر کیں۔ پروگرام کے آخر میں حاضرین کی مشروبات سے تواضع کی گئی۔

وفیات

عبدالرشید صاحب، محمد افضال اور ثنا اللہ کو صدمہ

ہمارے جماعتی ساتھی اور جامع مسجد اہل حدیث محلّہ مستریاں کے نمازی عبدالرشید صاحب کی اہلیہ محمد افضال کی والدہ محترمہ اور ثناء اللہ صاحب کی خالہ طویل علالت کے بعد انتقال فرما گئیں۔

مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند، ٹھوس عقیدۂ توحید پر کاربند خاتون تھیں۔ مرحومہ نے وصیت کی تھی کہ

میری وفات کے بعد کسی قسم کی شرکیہ رسومات اور بدعات نہ کی جائیں۔ الحمدللہ ان کے ورثاء نے ان وصیت پر عمل کیا۔ ان کی نماز جنازہ علامہ مدنی صاحب نے پڑھائی۔

زاہد محمود مغل صاحب (زاہد سنٹری) کو صدمہ

زاہد سینٹری اقبال لائبریری روڈ والے زاہد محمود مغل کو گزشتہ دنوں بڑا صدمہ اٹھانا پڑا۔ جب ان کا جواں سال بیٹا محمد عمر دریائے جہلم میں نہاتے ہوئے ڈوب گیا۔ اس موقع پر انہوں نے کافی صبر کا مظاہرہ کیا۔ اللہ تعالیٰ انہیں نعیم البدل سے نوازے۔ اس کی نماز جنازہ 26 اگست کو حافظ عبدالحمید نے پڑھائی۔

عزیز الرحمٰن، محمد اشتیاق، احتشام الحق اور محمد آصف کو صدمہ

کوٹلہ آئمہ (المعروف کوٹلہ وہابیاں) سے تعلق رکھنے والے ہماری جماعت کے عزیز الرحمٰن کی اہلیہ، محمد اشتیاق واخلاق کی والدہ اور احتشام الحق اور محمد آصف کی چچی طویل علالت کے بعد اس دنیائے فانی سے رخصت ہوگئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ کی نماز جنازہ حافظ عبدالحمید نے پڑھائی۔

شیخ محمد اکرم و محمد سعید، عبدالمجید شاہد اور شہزاد، نعیم اور عرفان صاحبان کو صدمہ

شیخ محمد اکرم و محمد سعید کی والدہ، عبدالمجید شاہد کی خالہ اور شہزاد، نعیم اور عرفان کی دادی مورخہ 18 ستمبر کو انتقال کر گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون• مرحومہ بڑی نیک دل اور متقی خاتون تھیں۔ ان کی نماز جنازہ حافظ عبدالحمید نے پڑھائی۔

ادارہ ''حرمین'' و جامعہ علوم اُثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم

مذکورہ بالا مرحومین کے ورثاء کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اور ان کی مغفرت کیلئے دعا گو ہیں۔ قارئین حرمین سے گزارش ہے کہ وہ مذکورہ بالا مرحومین کی بخشش کیلئے اپنی خصوصی دعاؤں میں انہیں یاد رکھیں۔

چکوال میں دو روزہ سیرت النبی ﷺ کانفرنس

مرکزی جمعیت اہل حدیث چکوال کے زیر اہتمام دو روزہ عظیم الشان سیرت النبی ﷺ کانفرنس 26,25 اکتوبر کو منعقد ہو رہی ہے۔ جس کی نگرانی مولانا محمود الحسن غضنفر ڈپٹی سیکرٹری جنرل مرکزی جمعیت اہل حدیث پنجاب، خطیب مرکزی جامع مسجد محمدی اہل حدیث چکوال کریں گے۔